http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

جلد 22 | جمعہ 4 ستمبر 2026ء | 21 ربیع اوّل 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 57

آزاد کشمیر کی ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائیگا

وزیر اعظم کا

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی ترقی و خوشحالی ترجیحات میں شامل ہے

حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے، وزیر اعظم سے رانا مشہود کی ملاقات

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3)

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ترجمان نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3)

عمران خان کا جیل ٹرائل شروع ہونے والا ہے، انسداد دہشتگردی عدالت کا عندیہ

کیا پتا اسی کیس میں جیل ٹرائل شروع ہو جائے جو میرے پاس زیر سماعت ہے، جج طاہر عباس سپرا کے ریمارک

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کا جیل ٹرائل شروع ہونے کا عندیہ دیدیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف تھانہ بارہ کہو میں درج مقدمے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے کسی رہنما کی ملاقات نہ ہوسکی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے سی بھی رہنما کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ ہوسکی۔ بانی پی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3)

ایک ہی معاملے پر سول اور کریمنل کارروائی ایک ساتھ نہیں چل سکتی، وفاقی آئینی عدالت

سول اور فوجداری کارروائی میں متضاد فیصلوں سے انصاف متاثر ہونے کا خدشہ ہے، آئینی عدالت نے فیصلہ جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ہی معاملے پر سول اور کریمنل کارروائی ایک ساتھ نہیں چل سکتی، سول اور (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف نیپال کی سفیر سے سیلاب سے ہونیوالے نقصان پر اظہار افسوس کر رہے ہیں

مکہ معاہدہ کے تحت ایران کو باضابطہ طور پر ختم کرنے پر غور

ایرانی صوبے پر امریکی حملے 12 شہید

مسلسل اقتصادی دباؤ ایران کو اپنے جوہری پروگرام کے حوالے سے بڑے فیصلے پر مجبور کر سکتا ہے، ہم اس وقت ایران پر ایک اور حملے کے لیے تیار ہیں، امریکی صدر

میدانِ جنگ، سفارت کاری اور معاشی محاصرے کا مقابلہ کرنے کے حوالے سے ایران کی نئی حکمتِ عملی امریکا کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دے گی، محسن رضائی

واشنگٹن/تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ جاری جنگ کو باضابطہ طور پر ختم کرنے کے اعلان پر نجی طور پر غور کر رہے ہیں جبکہ امریکی محکمہ دفاع نے مشرق وسطی میں فوجی تعیناتیوں کو مزید بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق ٹرمپ نے اپنے سینئر معاونین کے ساتھ اس امکان پر بات کی ہے کہ آیا ایران کے ساتھ جنگ کو ختم کرنے کا اعلان کیا جائے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی صدر اس اقدام کے حق میں ہیں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی معیشت میں استحکام، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی

پالیسی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آئے، آئی سی ایم اے کی احتساب رپورٹ جاری

انسانی وسائل، ادارہ جاتی اصلاحات اور موسمیاتی لچک پر مزید توجہ ناگزیر ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے) نے ''احتساب رپورٹ: پاکستان 2026ء میں پیش رفت، پالیسی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اسمبلی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سیرت طیبہ نوجوانوں کیلئے دنیا و آخرت میں کامیابی کا بہترین راستہ ہے، عطاء اللہ تارڑ

آج ہمیں نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہونے کی جتنی ضرورت ہے، شاید اس سے پہلے کبھی نہیں تھی

سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ ہمارے لیے اسوہ حسنہ ہے، سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ جمعرات کو یہاں اسلام آباد ماڈل کالج برائے خواتین میں قومی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبید الرحمٰن نظامانی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبید الرحمٰن نظامانی نے وزارت خارجہ میں ملاقات کی۔ جمعرات کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ کا امریکا ایران جھڑپوں پر تشویش کا اظہار، فریقین سے تحمل کی اپیل

تمام فریق بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی پابندی کریں، انتونیو گوتریش

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان رات گئے ہونے والی تازہ جھڑپوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری طور پر فوجی کارروائیاں (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام، بھائی رہبر پر سپریٹی فتنہ الخوارج کے 15 دہشتگرد ہلاک

افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں ناکام رہی، آئی ایس پی آر

صدرِ، وزیر اعظم کا پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

راولپنڈی (این این آئی) پاک افغان سرحد کے قریب فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، فورسز کے کارروائی کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنا ترجیحات میں شامل ہے، وزیر اعلیٰ

عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

حکومت صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل اور قبائلی رہنماء سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل نے ملاقات (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3)

ایران نے امریکا کا مارگرایا ڈرون نمائش کے لیے چوک پر رکھ دیا

تہران (این این آئی) ایران نے تازہ امریکی حملے کے دوران مار گرایا گیا ایم کیو نائن ڈرون عوام کے سامنے پیش کر دیا۔ ایرانی میڈیا کی جانب سے جاری ویڈیو میں بتایا گیا ہے کہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3)

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے استعفیٰ دیدیا

جسٹس راحیل کامران شیخ 7 مئی 2021 کو بطور ایڈیشنل جج تعینات ہوئے تھے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا، جسٹس راحیل کامران شیخ 7 مئی 2021 کو بطور ایڈیشنل جج تعینات (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3)

کراچی: جماعت اسلامی کی کال پر شٹر ڈاؤن ہڑتال کے دوران کاروباری مراکز بند ہیں

پاکستان نے یورو بانڈ کے ذریعے 3 ارب ڈالر حاصل کر لیے

3 ارب ڈالر کا یورو بانڈ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بانڈ ٹرانزیکشن ہے، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد موجودہ صورتحال کے ساتھ پاکستان کے مستقبل پر بھی ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ساڑھے 5 سالہ اور 10 سالہ یورو بانڈ کے ذریعے مجموعی طور پر 3 ارب ڈالر حاصل کر لیے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ریکارڈ یورو بانڈ سے پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی مضبوط ہوگئی ہے، ساڑھے 5 سالہ یورو بانڈ سے پاکستان نے 1.75 ارب ڈالر حاصل کیے اور اس پر 7.50 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا، اسی طرح 10 سالہ یورو بانڈ سے 1.25 ارب ڈالر حاصل کیے، (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3)

جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ کی اجازت نہیں دی جائے گی، شرجیل میمن

آگ لگانے، سڑکیں بند کرنے اور املاک کو نقصان پہنچانے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا

احتجاج کی آڑ میں خوف و ہراس پھیلانا قانون کو چیلنج کرنا ہے، سینئر وزیر سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کراچی میں جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی مقاصد کے لیے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3)

امریکا میڈٹرم الیکشنز تک ہلکی پھلکی ایران جنگ چاہتا ہے، برطانوی میڈیا

لندن (این این آئی) برطانوی خبر ایجنسی نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ امریکا چاہتا ہے کہ میڈٹرم الیکشنز تک ہلکی پھلکی ایران (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

امریکی ریاست منی سوٹا میں فائرنگ سے 2 افراد ہلاک، جوابی کارروائی میں حملہ آور بھی مارا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی ریاست منی سوٹا میں فائرنگ سے 2 افراد (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ پارلیمانی لیڈر صادق عمرانی کے خلاف مذمتی قرارداد پیش ہونے کے بعد اسمبلی میں اظہار خیال کر رہے ہیں

مکہ معاہدہ دفاعی شراکت داری کو ٹیکنالوجی و تعاون میں تبدیل کرنے کی بنیاد بن سکتا ہے

احسن اقبال

پاکستان کی اگلی قومی جدوجہد جنگی طیاروں سے نہیں، برآمدات، تعلیم، ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کے ذریعے ہوگی

مکہ معاہدہ عالمی نظام کو چیلنج کرنے کے لیے نہیں بلکہ زیادہ مستحکم علاقائی اور عالمی نظام کی جانب ایک قدم ہے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ محض دفاعی تعاون تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اسے ٹیکنالوجی، تحقیق، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، توانائی، غذائی تحفظ، خلائی ٹیکنالوجی اور علاقائی رابطوں سمیت وسیع تر معاشی شراکت داری میں تبدیل کیا جا سکتا (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ، سانحہ پمز پر وزیر اعظم کو پیش کردہ اور کارروائی کی رپورٹ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سانحہ پمز پر وزیر اعظم کو پیش کردہ اور کارروائی کی رپورٹ طلب کر لی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں سانحہ پمز پر جوڈیشل (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

سندھ کی عوام تبدیلی کے لیے تیار، 27 ستمبر کو پورا پاکستان سڑکوں پر ہوگا، سہیل آفریدی

18 سالہ کرپشن کا دور ختم ہونے والا ہے، سندھ کے حقوق کا تحفظ عمران خان کرے گا، جلیم عادل شیخ

وزیر اعلیٰ خیبر پختون خواہ سہیل آفریدی پانچ روزہ دورے پر سندھ پہنچ گئے، والہانہ استقبال

گھوٹکی (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی پانچ روزہ دورے پر سندھ پہنچ گئے۔ پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل بیرسٹر سلمان اکرم راجہ، ایم این اے مخدوم زادہ زین (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

سعودیہ کی ہرمز میں سعودی ٹینکر پر ایرانی حملے کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے سعودی ٹینکر پر ایرانی حملے کی مذمت کی ہے۔ برطانوی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

طلال چوہدری کا اسلام آباد ماڈل جیل کا دورہ کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا معائنہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر وزیر (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: پارلیمانی لیڈر صادق عمرانی اپنے خلاف پیش ہونیوالی مذمتی قرارداد کے حوالے سے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

حکومت جماعت اسلامی کمیٹیاں قائم کرنے پر اتفاق، پیر سے مذاکرات کا آغاز ہوگا

وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی رانا ثنا اللہ اور سلمان رفیق پر مشتمل حکومتی وفد نے منصورہ میں لیاقت بلوچ اور دیگر سے ملاقات کی

حکومتی وفد نے جماعت اسلامی کی قیادت کو موجودہ صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے دھرنے ختم کرنے کی درخواست

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی میں کمی اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دینے پر اتفاق کر لیا، مذاکرات کا آغاز پیر سے ہوگا، جبکہ امیر جماعت اسلامی کی جانب سے مذاکرات کے ساتھ دھرنے جاری رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی رانا ثنا اللہ اور سلمان رفیق پر مشتمل حکومتی وفد نے منصورہ میں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال، رانا ثناء اللہ اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن مذاکرات کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سیرتِ نبوی ﷺ ہمارے لئے مکمل ضابطہ حیات ہے، سید الناصر

سیرتِ طیبہ ﷺ ہی وہ روشن راستہ ہے جو انسانیت کو امن، محبت اور باہمی احترام کا درس دیتا ہے

نوجوان کسی بھی ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہوتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید الناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ سیرتِ نبوی ﷺ ہمارے لئے مکمل ضابطہ حیات اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا حقیقی راستہ (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی راحیلہ حمید درانی ملاقات کر رہے ہیں

ایران نے امریکا کا مارگرایا ڈرون نمائش کے لیے چوک پر رکھ دیا

تہران (این این آئی) ایران نے تازہ امریکی حملے کے دوران مار گرایا گیا ایم کیو نائن ڈرون عوام کے سامنے پیش کر دیا۔ ایرانی میڈیا کی جانب سے جاری ویڈیو میں بتایا گیا ہے کہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3)

دانش یونیورسٹی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کے ذہین طلباء و طالبات کو بین الاقوامی معیار کی تعلیم یقینی بنائی جائیگی، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دانش یونیورسٹی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کے ذہین طلباء و طالبات (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام، بھائی رہبر پر سپریٹی فتنہ الخوارج کے 15 دہشتگرد ہلاک

افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں ناکام رہی، آئی ایس پی آر

صدرِ، وزیر اعظم کا پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

راولپنڈی (این این آئی) پاک افغان سرحد کے قریب فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، فورسز کے کارروائی کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3)

عالمی منڈی میں خام تیل کے نرخوں میں کمی

اسلام آباد (یو این اے) بین الاقوامی منڈی میں جمعرات کو خام تیل کے نرخوں میں کمی کا رجحان رہا جبکہ سونے اور چاندی کے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز میں امریکا کا بڑا آپریشن، 18 ملین بیرل تیل لے جانے والے 40 جہازوں کو باحفاظت گزار دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے ذریعہ محصولات میں اضافہ کیا جاسکتا ہے، بلال اظہر کیانی

ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے جتنی توجہ دی ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پاکستان کیلئے اندرونی سطح پر وسائل کو متحرک کرنا وقت کی ضرورت ہے، ٹیکس کے نظام میں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

شٹر ڈاؤن ہڑتال کے باوجود اسٹاک ایکسچینج میں تیزی، 100 انڈیکس 153 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کے باوجود پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری سرگرمیاں جاری (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

سندھ اسمبلی بیرونی کوششیں متفقہ طور پر مسترد، تاریخی قرارداد منظور

صوبوں کی تقسیم اور نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام

صوبے کی تقسیم سے متعلق کوئی بھی اقدام سندھ کے منتخب ایوان کی مرضی کے بغیر ممکن نہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

تاریخ کسی کو معاف نہیں کرتی اور تاریخ واقعات کو ہمیشہ یاد رکھتی ہے، سندھ کے معاملے پر آج کیے جانیوالے فیصلے تاریخ میں یاد رکھے جائینگے، فریال تالپور

سندھ کی تقسیم کا معاملہ کسی ایک سیاسی جماعت یا کسی ایک لسانی طبقے تک محدود نہیں، پورے سندھ کے عوام کا مشترکہ مسئلہ ہے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کے ایک طویل اور تاریخی اجلاس میں صوبے کی تقسیم اور نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام کی تمام بیرونی کوششوں کو متفقہ طور پر مسترد کرتے ہوئے ایک تاریخی قرارداد منظور کر لی۔ وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے، اسحاق ڈار کی پاسکو کو ہدایت

گندم کی بروقت ادائیگی کریں اور اپنا حصہ وقت پر اٹھائیں، صوبوں کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے ہدایت کی ہے کہ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سردار بابر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ہرنائی کے سکواڈ پر فائرنگ، 2 پولیس اہلکار زخمی

اسکواڈ کی گاڑی ڈی سی ہرنائی کو کوئٹہ پہنچا کر واپس ہرنائی جا رہی تھی کہ واقعہ پیش آیا

کوئٹہ (این این آئی) زیارت کراس کے قریب نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈی سی ہرنائی کے 2 گن مین زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو زیارت کراس (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کو روایتی جوش و خروش سے منایا جائے گا

مکو آنہ (این این آئی) ملک بھر میں یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کو روایتی جوش و خروش سے منایا جائے گا اس سلسلے میں فیصل آباد (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

ایرانی ریال بدترین سطح پر گر گیا، 1 ڈالر کے بدلے میں 22 لاکھ ایرانی ریال ملنے لگے

تہران (این این آئی) ایرانی ریال کی قدر غیر معمولی طور پر مزید گر گئی ہے۔ 1 ڈالر کے بدلے میں 22 لاکھ ایرانی ریال ملنے لگے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

سانحہ پمز کے ذمہ داروں کیخلاف اگلے 2 سے 3 دن میں مقدمات درج ہونا شروع ہوں گے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

حکومت جماعت اسلامی کمیٹیاں قائم کرنے پر اتفاق، پیر سے مذاکرات کا آغاز ہوگا

وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی رانا ثنا اللہ اور سلمان رفیق پر مشتمل حکومتی وفد نے منصورہ میں لیاقت بلوچ اور دیگر سے ملاقات کی

حکومتی وفد نے جماعت اسلامی کی قیادت کو موجودہ صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے دھرنے ختم کرنے کی درخواست

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی میں کمی اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دینے پر اتفاق کر لیا، مذاکرات کا آغاز پیر سے ہوگا، جبکہ امیر جماعت اسلامی کی جانب سے مذاکرات کے ساتھ دھرنے جاری رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی رانا ثنا اللہ اور سلمان رفیق پر مشتمل حکومتی وفد نے منصورہ میں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

شٹر ڈاؤن ہڑتال کے باوجود اسٹاک ایکسچینج میں تیزی، 100 انڈیکس 153 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کے باوجود پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری سرگرمیاں جاری (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال، رانا ثناء اللہ اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن مذاکرات کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی انسداد دہشت گردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور

غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پارلیمانی سیکرٹری برائے ماہی گیری کی یقین دھانی پر نمٹا دیا

گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری کیلئے 2 ارب روپے کا منصوبہ شروع

گڈانی کو جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ مرکز بنایا جائے گا

ہانگ کانگ کنونشن سے ہم آہنگی کیلئے اقدامات جاری، وزیر بحری امور

کراچی (این این آئی) گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری اور اسے عالمی ماحولیاتی و حفاظتی معیار سے ہم آہنگ کرنے کیلئے 12 ارب روپے کے منصوبے پر باقاعدہ کام (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد میں گیس کمپریسر پھٹنے سے 3 بچے اور ماں جاں بحق

گھر کا سربراہ شاہد علی بھی واقعے میں زخمی، جو پولیس میں کلاس فور کا ملازم ہے، رپورٹ

نصیر آباد (این این آئی) نصیر آباد میں گیس کمپریسر پھٹنے سے ایک ہی گھر کے تین معصوم بچے اور ان کی والدہ زندگی کی بازی ہار گئے۔ نصیر آباد کے علاقے ابڑو کالونی کے رہائشی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

نوشکی میں مبینہ جنسی زیادتی کے بعد قتل کی گئی بچی کا پوسٹ مارٹم مکمل

احمد وال میں مبینہ طور پر جنسی زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کی گئی بچی کی عمر 6 سے 7 سال ہے

نوشکی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں مبینہ جنسی زیادتی کے بعد قتل کی گئی بچی کا پوسٹ مارٹم سول سنڈیمن ہسپتال نوشکی میں مکمل کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نوشکی کے علاقے احمد وال میں مبینہ طور پر جنسی زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کی گئی بچی کی عمر 6 سے 7 سال ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

سید ظفر آغا صوبے میں کینسر کے علاج کے لیے ہسپتال کے قیام کی قرارداد پیش کیں جو متفقہ طور پر منظور کر لی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون صوبہ اور ملک پروازیں چلانے سمیت چار قراردادوں اور انسداد دہشت گردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور کر لیا، غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق توجہ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

توانائی بحران، دن میں اضافی بجلی سٹور کرنے کیلئے بیٹری انرجی سسٹم کا سہارا لینے کا فیصلہ

توانائی بحران اور لوڈشیڈنگ سے بچنے کیلئے وزارت توانائی نے متبادل پلان پر کام شروع کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) مشرق وسطیٰ تنازع میں شدت کے بعد پاکستان میں ایل این جی بحران کے خدشہ کے پیش نظر حکومت نے توانائی بحران اور لوڈشیڈنگ سے بچنے کیلئے وزارت توانائی نے متبادل پلان پر کام شروع کر دیا، دن میں اضافی بجلی سٹور کرنے کیلئے بیٹری (بقیہ نمبر 81 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف پمز کی نرس رضیہ نورین کو دس ملین کا چیک دے رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

روزگار کی فراہمی کیلئے بلوچستان حکومت کے عملی اقدامات

تحریر: اختر منگی

بے روزگاری ایک سنگین معاشرتی اور معاشی مسئلہ ہے جس کے کئی نقصانات ہیں۔ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ان کے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بے روزگاری غربت، مہنگائی، ذہنی دباؤ اور احساسِ محرومی میں اضافہ کرتی ہے۔ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال نہ کر سکنے کے باعث مایوسی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں جرائم، منشیات اور دیگر سماجی برائیوں میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے۔ بے روزگاری ملکی معیشت کو بھی نقصان پہنچاتی ہے کیونکہ انسانی وسائل مؤثر طور پر استعمال نہیں ہوتے۔ اس مسئلے کے حل کے لیے حکومت کو روزگار کے نئے مواقع، فنی تعلیم اور کاروباری سہولیات فراہم کرنے کے لیے موجود بلوچستان حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی قیادت میں عملی طور پر اقدامات کر رہی ہے موجودہ حکومت بلوچستان وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی قیادت میں نوجوانوں کو قابلیت، میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جو ایک خوش آئند اور مثبت پیش رفت ہے۔ آج میں اپنی اس تحریر میں حکومت بلوچستان کے احکامات پر ڈویژنل سطح پر بیروزگاری کے خاتمے اور روزگار کی فراہمی کے حوالے سے جو اقدامات کیے گئے ہیں ان پر روشنی ڈالوں گا تعلیم، صحت، ریونیو سمیت دیگر اہم محکموں میں بھرتیوں کے عمل کو نچلی سطح تک منتقل کرنے اور اختیارات کی فراہمی سے نوجوانوں کے لیے سرکاری ملازمتوں کے دروازے کھل رہے ہیں۔ میرٹ پر بھرتیوں سے نہ صرف باصلاحیت نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ ان میں اعتماد اور مستقبل کے حوالے سے امید بھی پیدا ہوگی۔ طویل عرصے سے بلوچستان کے نوجوان روزگار کے محدود مواقع اور احساسِ محرومی جیسے مسائل کا سامنا کرتے آئے ہیں، تاہم موجودہ حکومت کی جانب سے عملی اقدامات اس احساسِ محرومی کے خاتمے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مقامی سطح پر بھرتیوں کے اختیارات سے دور دراز علاقوں کے نوجوان بھی اپنی قابلیت ثابت کر کے قومی و صوبائی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی کے وژن اور ہدایات کے مطابق صوبے میں میرٹ، شفافیت اور نوجوانوں کو روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی وژن کو عملی جامہ پہناتے ہوئے حالیہ عرصے کے دوران کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے حکام کی ہدایات پر مؤثر انداز میں عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ ریونیو میں بھرتیوں کے عمل کو شفاف بنانے پر خصوصی توجہ دی ہے۔ تقریباً ایک دہائی کے طویل عرصے کے بعد محکمہ ریونیو میں مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کا عمل شروع ہونا نوجوانوں کے لیے ایک بڑی خوشخبری اور امید کی کرن قرار دیا۔ اکاؤنٹنٹ، اسسٹنٹ، کمپیوٹر آپریٹر، ڈیٹا انٹری آپریٹر، جونیئر کلرک اور درجہ چہارم سمیت مختلف کیٹیگریز کی مجموعی طور پر 66 نشستوں کے لیے امیدواروں کے ٹیسٹ اور انٹرویوز کا انعقاد کیا گیا، جس میں میرٹ اور شفافیت کو بنیادی اصول بنایا گیا اس عمل کی خاص بات یہ ہے کہ امیدواروں کو اپنی قابلیت اور اہلیت ثابت کرنے کے لیے مساوی مواقع فراہم کیے گئے، جبکہ بھرتی کے مراحل میں کسی بھی قسم کی سفارش یا غیر ضروری مداخلت کی حوصلہ شکنی کی گئی۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی نگرانی میں ہونے والے اس عمل سے نہ صرف محکمہ ریونیو میں طویل عرصے سے خالی آسامیوں کو پُر کرنے میں مدد ملی رہی ہے بلکہ سرکاری امور کی انجام دہی میں بھی بہتری اور تیزی آئی ہے روزگار کے مواقع کی فراہمی بالخصوص تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوانوں کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ باصلاحیت نوجوانوں کو میرٹ پر آگے بڑھنے کے مواقع ملنے سے ان میں ریاستی اداروں پر اعتماد مزید مضبوط ہوتا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں نوجوانوں کو سرکاری اداروں میں شفاف طریقے سے روزگار فراہم کرنا احساس محرومی کے خاتمے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ موجودہ حکومت کی پالیسی اور اعلیٰ حکام کے وژن کے مطابق اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنے اور مقامی سطح پر میرٹ کی بنیاد پر بھرتیوں کا عمل نہ صرف انتظامی نظام کو مضبوط بناتا ہے بلکہ عام شہریوں کو بھی ریاستی نظام کے قریب لاتا ہے۔ نصیر آباد ڈویژن میں محکمہ ریونیو کی 66 نشستوں پر ٹیسٹ اور انٹرویوز کا شفاف انعقاد کے بعد آج 66 نوجوان روشن مستقبل کے ساتھ اپنے باعزت روزگار کے ساتھ ساتھ عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں اس موقع پہ بھی بتانا پسند کروں گا کہ موجودہ حکومت کی مثبت پالیسیوں کے باعث عارضی بنیاد پر پٹواریوں کی تعیناتی کی گئی جس میں میرٹ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا گیا کمیٹی کے چیئرمین کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ڈویژن بھر میں 69 پٹواری کی آسامیوں کیلئے قانونی کاروائی مکمل کی 95 امیدواروں نے حصہ لیا جس میں سے 67 پٹواریوں کا چناؤ کیا گیا 67 پٹواری عارضی بنیادوں پر تعیناتی میں 30 سال سے میرٹ کے منتظر امیدواروں جن میں عبدالجبار اور محمد صدیق شامل ہیں، کو پٹواری کے آرڈرز جاری کیے گئے۔ یہ تمام اقدامات اعلیٰ حکام کی ہدایت پر شفافیت اور میرٹ کو یقینی بناتے ہوئے مکمل کیے گئے اس طرح ڈویژن بھر میں تعیناتی کے عمل کو یقینی بنایا گیا میں اپنی اس تحریر میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی کے ان احکامات اور وژن کو بھی عیاں کرنا مناسب سمجھوں گا جن کی روشنی میں کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے محکمہ ریونیو کے ملازمین کے درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے۔ محکمہ ریونیو نصیر آباد ڈویژن میں ایک طویل عرصے سے عملہ مال کی ترقیوں کا عمل تعطل کا شکار تھا، جس کے باعث کئی ملازمین اپنی طویل خدمات کے باوجود ترقی کے منتظر تھے اور ان میں خاموش مایوسی جنم لے رہی تھی۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ملازمین کی اس خاموش بے چینی اور مایوسی کو محسوس کرتے ہوئے معاملے کی اہمیت کو سمجھا اور فوری طور پر متعلقہ حکام کو متحرک کر کے ترقیوں کے عمل کو آگے بڑھایا۔ ان کی خصوصی کاوشوں اور اعلیٰ حکام کی ہدایات پر عملدرآمد کے نتیجے میں محکمہ ریونیو کے 95 ملازمین کی ترقی کا عمل مکمل کیا گیا، جو یقیناً ان ملازمین کے لیے ایک بڑی خوشی اور حوصلہ افزائی کا باعث ہے۔ کئی برسوں سے اپنی ذمہ داریاں نبھانے والے سرکاری ملازمین کے لیے ترقی صرف عہدے میں اضافہ نہیں بلکہ ان کی محنت، تجربے اور خدمات کا اعتراف بھی ہوتی ہے۔ اسی طرح لواحقین کوٹے کے حوالے سے بھی عرصے سے منتظر خاندانوں کی امیدیں وابستہ تھیں اور ان کی نظریں حکومتی فیصلے اور انتظامی اقدامات پر لگی ہوئی تھیں۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے اس معاملے کو بھی نظر انداز نہیں کیا بلکہ دستیاب قانونی اور انتظامی طریقہ کار کے مطابق اس مسئلے کو آگے بڑھانے کے لیے اقدامات کیے، جس سے طویل عرصے سے منتظر لواحقین میں بھی امید پیدا ہوئی نصیر آباد ڈویژن میں محکمہ ریونیو کے ملازمین کی ترقیوں اور لواحقین کوٹے سے متعلق اقدامات اس بات کی مثال ہیں کہ ایک حساس اور اہم محکمے میں طویل عرصے سے زیر التوا معاملات کو سنجیدگی، توجہ اور مؤثر انتظامی حکمت عملی کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی کی جانب سے ملازمین کے مسائل کو سمجھنا اور ان کے حل کے لیے بروقت اقدامات کرنا انتظامی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ انسانی ہمدردی کا بھی مظہر ہے۔ ایسے اقدامات سے ملازمین میں ادارے کے لیے وابستگی، کام کرنے کا جذبہ اور اعتماد مزید مضبوط ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں نصیر آباد ڈویژن میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے تدارک اور عوام کو بنیادی و معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ کسی بھی معاشرے میں صحت کا مضبوط نظام عوامی فلاح و بہبود کی بنیادی ضمانت سمجھا جاتا ہے۔ بالخصوص دیہی علاقوں میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملے کی کمی کے باعث دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو علاج معالجے کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی مثبت پالیسیوں اور عوام دوست اقدامات کی بدولت ان مسائل کے خاتمے کی جانب مؤثر پیش رفت جاری ہے۔ اسی سلسلے

حل کے لیے بروقت اقدامات کرنا انتظامی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ انسانی ہمدردی کا بھی مظہر ہے۔ ایسے اقدامات سے ملازمین میں ادارے کے لیے وابستگی، کام کرنے کا جذبہ اور اعتماد مزید مضبوط ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں نصیر آباد ڈویژن میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے تدارک اور عوام کو بنیادی و معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ کسی بھی معاشرے میں صحت کا مضبوط نظام عوامی فلاح و بہبود کی بنیادی ضمانت سمجھا جاتا ہے۔ بالخصوص دیہی علاقوں میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملے کی کمی کے باعث دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو علاج معالجے کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی مثبت پالیسیوں اور عوام دوست اقدامات کی بدولت ان مسائل کے خاتمے کی جانب مؤثر پیش رفت جاری ہے۔ اسی سلسلے

میں نصیر آباد ڈویژن میں ریکروٹمنٹ کمیٹی کے چیئرمین کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں میرٹ اور شفافیت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے چار مختلف فیلڈز میں میڈیکل آفیسرز، لیڈی میڈیکل آفیسرز، ڈینٹل سرجنز اور نرسنگ اسٹاف سمیت مجموعی طور پر 296 امیدواروں کا شفاف انداز میں انتخاب کیا گیا، جبکہ فارماسسٹ کی 7 آسامیوں کو بھی پر کیا گیا۔ یہ اقدام صحت کے شعبے میں موجود افرادی قوت کے خلا کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی مزید بہتر ہونے کی توقع ہے۔ ان بھرتیوں کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ طبی عملے کی تعیناتی کو صرف شہری مراکز تک محدود نہیں رکھا گیا بلکہ دیہی اور دور دراز علاقوں کو بھی خصوصی اہمیت دی گئی ہے، تاکہ ان علاقوں میں رہنے والے مریضوں کو اپنے علاج کے لیے بڑے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ دیہی علاقوں میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی موجودگی سے نہ صرف مریضوں کو بروقت طبی امداد میسر آئے گی بلکہ خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر ضرورت مند افراد کے لیے صحت کی بنیادی سہولیات تک رسائی بھی آسان ہوگی۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی کی جانب سے میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کو ترجیح دینا بھی قابلِ ذکر ہے، کیونکہ اہل اور قابل افراد کی تعیناتی ہی صحت کے نظام کو مؤثر بنانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ اگر ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف، ڈینٹل سرجنز اور فارماسسٹ اپنی ذمہ داریاں دیانت داری اور خدمت کے جذبے کے ساتھ انجام دیں تو نصیر آباد ڈویژن کے عوام کو صحت

کے حوالے سے درپیش کئی مشکلات کا خاتمہ ممکن ہے۔ اس کے علاوہ نصیر آباد ڈویژن میں تعلیم کے شعبے میں تعمیر و ترقی اور بہتری کا عمل بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہے، جس کا بنیادی مقصد ہر بچے کو تعلیم کے حصول کا حق فراہم کرنا اور غیر فعال تعلیمی اداروں کو دوبارہ فعال بنانا ہے۔ ڈویژن بھر میں طویل عرصے سے بند اسکولوں کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، کیونکہ کسی بھی علاقے میں اسکول کا غیر فعال ہونا وہاں کے بچوں کے تعلیمی مستقبل کو براہ راست متاثر کرتا ہے۔ ان اسکولوں کے غیر فعال ہونے کی ایک بڑی وجہ اساتذہ کی کمی تھی، جس کے باعث عمارتیں موجود ہونے کے باوجود تدریسی سرگرمیاں جاری رکھنا مشکل ہو گیا تھا۔ موجودہ حکومت نے اس اہم مسئلے کے حل کے لیے بہتر پالیسی اختیار کرتے ہوئے عارضی بنیادوں پر اساتذہ کی تعیناتی کا فیصلہ کیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ نصیر آباد ڈویژن میں مجموعی طور پر 2054 میل و فیمیل اساتذہ کی تعیناتی کے بعد ڈویژن بھر کے 593 غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا، جو تعلیم کے شعبے میں ایک اہم اور قابل ذکر پیش رفت ہے۔ اس اقدام سے نہ صرف بند اسکولوں میں دوبارہ تدریسی سرگرمیوں کا آغاز ہوا بلکہ دور دراز اور دیہی علاقوں کے بچوں کو بھی اپنے گھروں کے قریب تعلیم حاصل کرنے کا موقع میسر آیا۔ خصوصاً ان علاقوں میں جہاں والدین اپنے بچوں کو دور دراز اسکولوں تک بھیجنے سے قاصر تھے، وہاں مقامی سطح پر اسکولوں کی بحالی ایک بڑی سہولت ثابت ہوگی۔ اساتذہ کی دستیابی سے طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی اور اسکولوں میں حاضری کا رجحان بھی بڑھنے کی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی تعلیم دوست پالیسیوں کے تحت ایسے اقدامات صوبے میں تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہیں۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی نگرانی میں ڈویژن کے مختلف علاقوں میں بند اسکولوں کی بحالی اور اساتذہ کی دستیابی پر توجہ دینا اس بات کا مظہر ہے کہ تعلیم کے بنیادی مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ 593 غیر فعال اسکولوں کا فعال ہونا محض اعداد و شمار نہیں بلکہ ہزاروں بچوں کے تعلیمی مستقبل سے جڑا ایک اہم اقدام ہے۔ اگر اسی تسلسل کے ساتھ اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری، تعلیمی معیار، بنیادی سہولیات اور نگرانی کے نظام کو بھی مزید مؤثر بنایا جائے تو نصیر آباد ڈویژن میں شرح خواندگی اور معیار تعلیم میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ تعلیم ہی وہ بنیادی ذریعہ ہے جو معاشرے کو ترقی، شعور اور خوشحالی کی طرف لے جاتا ہے، اس لیے غیر فعال اسکولوں کی بحالی اور اساتذہ کی تعیناتی کو

کو یقینی بنانے کی کوشش ایک مثبت انتظامی سوچ کی عکاس ہیں۔ ضروری ہے کہ ان اقدامات میں میرٹ، شفافیت، جواب دہی اور عوامی مفاد کو ہمیشہ اولین ترجیح دی جائے تاکہ حکومتی پالیسیوں کے ثمرات حقیقی معنوں میں ہر شہری تک پہنچ سکیں۔ نوجوانوں کو روزگار اور عوام کو آسان سرکاری سہولیات کی فراہمی ایک مضبوط، فعال اور عوام دوست نظام کی بنیاد ہے، اور نصیر آباد ڈویژن میں جاری یہ اقدامات اسی سمت میں ایک اہم پیش رفت قرار دیے جا سکتے ہیں۔

☆☆☆

مکہ معاہدہ: تینوں ممالک کا دفاعی تعاون مزید مضبوط

مشترکہ دفاع سے متعلق مکہ معاہدے کے تحت قائم سٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کا اجلاس استنبول میں ہوا، جس میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور چیفس آف ڈیفنس فورسز و چیفس آف جنرل سٹاف نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد جاری مشترکہ اعلامیے میں تینوں ممالک نے خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے مکہ معاہدے کے فریم ورک کے تحت مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اعلامیے کے مطابق تینوں ممالک کشیدگی میں کمی اور تحمل کے فروغ کی کوششوں کی حمایت جاری رکھیں گے، جبکہ مکہ معاہدے کے تحت تعاون کو مزید ادارہ جاتی شکل دینے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ منصفانہ، جامع اور دیرپا امن کے لیے علاقائی کوششوں اور تعاون پر مبنی سلامتی کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ تینوں ممالک مشترکہ سرگرمیوں کے ذریعے دفاعی صنعتی تعاون اور ٹیکنالوجی کی ترقی، دفاعی صلاحیتوں میں اضافے اور مسلح افواج کے باہمی ربط و ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کام کریں گے۔ اس سے قبل مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پہلا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی قیادت نے شرکت کی۔ اجلاس میں معاہدے کو ادارہ جاتی شکل دینے اور سعودی عرب میں سیکرٹری جنرل کی سربراہی میں ایک مستقل سیکرٹریٹ قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا جس کی ابتدائی سربراہی پاکستان سے تعلق رکھنے والے سیکرٹری جنرل تین سال کی مدت کے لیے کریں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ترکیہ میں ہونے والی ملاقاتیں اور اجلاس میں شرکت پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات اور بڑھتے ہوئے سٹریٹجک و دفاعی تعاون کی عکاس ہیں۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بھی استنبول میں ترک وزیر دفاع یاشار گولر سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ دفاعی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا آغاز پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون سے ہوا تھا جس میں توسیع کرتے ہوئے ترکیہ کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ معاہدے میں واضح کیا گیا ہے کہ تینوں میں سے کسی ایک ملک پر ہونے والے حملے کو باقی دو ممالک اپنے خلاف حملہ تصور کریں گے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس معاہدے کا بنیادی مقصد باہمی دفاع اور سلامتی کو مضبوط بنانا ہے۔ دفاع کے علاوہ اس معاہدے کے اور کوئی مقاصد ہرگز نہیں ہیں۔ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں امن، استحکام اور مشترکہ دفاعی تعاون کے لیے ہے۔ کچھ ممالک کی جانب سے اس معاہدے پر تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے جبکہ حسب سابق و روایت اسرائیل کی طرف سے اس کی شدید مخالفت کی جا رہی ہے جبکہ بھارت بھی ٹھنڈے پیٹوں اس اس معاہدے کو ہضم کرتا نظر نہیں آ رہا۔ سیدھی سی بات ہے اگر اس معاہدے میں جارحانہ عزائم کا شائبہ تک بھی ہوتا تو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اس کی حمایت نہ کی جاتی۔ صدر ٹرمپ نے اس معاہدے کو بڑا، دلیرانہ اور ایک اہم پہلا قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ اس بات کا ثبوت ہے کہ خطے کے ممالک متحد ہو رہے ہیں اور موثر انداز میں اپنا دفاع کرنے کی صلاحیت حاصل کر رہے ہیں۔ امریکی صدر نے تینوں اسلامی ممالک کی قیادت کو اس تاریخی دفاعی اتحاد پر مبارک باد پیش کی تھی۔ معاہدے میں مزید ممالک کی شمولیت کی گنجائش بھی موجود ہے اور بعض ممالک نے اس میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ مکہ معاہدہ آگے چل کر ایک مضبوط مسلم دفاعی تعاون کے پلیٹ فارم کی شکل اختیار کر سکتا ہے جسے خطے میں مسلم دفاعی بلاک سے تعبیر کی جا سکے گا۔ خطے میں بڑھتے ہوئے سکیورٹی چیلنجز کے تناظر میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا ایک مشترکہ دفاعی فریم ورک کے تحت آنا مسلم دنیا کے درمیان تعاون کو نئی سمت دے سکتا ہے۔

بقیہ 1

